**بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (BLEP)**
**[ Baluchistan Livelihoods and Entrepreneurship Project ]**
**انگور باغ ، مختلف پھلوں کے باغ اور موٹرسائیکل لوڈر کے لئے میچنگ گرانٹ کی درخواست**

**ملک:** پاکستان
**پراجیکٹ:** بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (WB IDA Credit/Grant)
**پراجیکٹ آئی ڈی:** P159292

حکومتِ بلوچستان کو عالمی بینک کی جانب سے "بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (BLEP)" کی لاگت کے سلسلے میں سرمایہ موصول ہوا ہے۔ BLEP کا بنیادی مقصد بلوچستان کے دیہی علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں کو ترقی دینا اورروزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے جس سے ذرائع معاش کو فروغ ملے گا، تمام طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کی پائیدار اقتصادی ترقی میں مدد ملے گی اور غربت میں کمی آئے گی۔
"بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹرپرینیورشپ پراجیکٹ (BLEP)" کے 'پراجیکٹ مینجمنٹ اینڈ امپلی منٹیشن یونٹ (PMIU)' کو اب لاگت میں 50%شراکت کی بنیاد پر "ڈرِپ اریگیشن سسٹم (HEIS)" مع انگور باغ یا بہتر ورائٹی کے کسی دیگر پھل کا باغ (مثلاً انار، پستہ، بادام، خوبانی، زیتون، وغیرہ) لگانے یا موٹرسائیکل لوڈر کے لئے آٹھ منتخب اضلاع کے ترقی پسند کاشت کاروں اور افراد سے گرانٹ کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ یہ گرانٹس اس سلسلے میں BLEP کے طے شدہ قواعد اور گرانٹ مینجمنٹ کے لئے اس کی داخلی پالیسیوں کے مطابق جاری کی جائیں گی اور انہی کی روشنی میں ان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ گرانٹ حاصل کرنے والے افراد کا حتمی انتخاب قرعہ اندازی کے ذریعے کیا جائے گا۔

**BLEP گرانٹ کی مالیت**
BLEP کی جانب سے زیادہ سے زیادہ 700,000 روپے کی گرانٹ دی جائے گی۔

**گرانٹ نمبر 1**
انگور کا باغ جس میں درج ذیل شامل ہوں گے: 1) انگور کی بیل کے لئے پول، 2) ڈرِپ اریگیشن، اور 3) پودے اور انہیں لگانا۔ (رقبہ 1 ایکڑ)

**گرانٹ نمبر 2**
پھلوں کا باغ جس میں درج ذیل شامل ہوں گے: 1) ڈرِپ اریگیشن سسٹم مع 2) بہتر اقسام کے پھلوں کے پودے (مثلاً انار، پستہ، بادام، خوبانی، زیتون وغیرہ)

**گرانٹ نمبر 3**
موٹرسائیکل لوڈر

**درخواست گزار کی اہلیت (گرانٹ نمبر 1 اور 2 کے لئے)**
صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایسے افراد جو درج ذیل شرائط پر پورا اترتے ہوں، گرانٹ نمبر 1 یا 2 کے لئے درخواست دے سکتے ہیں:

1) درخواست گزار کل لاگت کا کم ازکم 50 فیصد حصہ ملانے پر رضامند ہو: کل لاگت کا 50 فیصد BLEP ادا کرے گا۔
2) درخواست گزار متعلقہ ضلع کے مقامی ہوں اور ان کے پاس کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ موجود ہو جس کی معیاد ختم نہ ہوئی ہو۔
3) درخواست گزار کے پاس متعلقہ اضلاع میں زرخیز زرعی زمین ہونا لازم ہے۔
4) BLEP کے زیراہتمام صلاحیتوں میں بہتری/ تربیتی سیشن میں حصہ لینے پر آمادہ ہوں۔
5) درخواست گزار کے پاس متعلقہ اضلاع میں زرعی اراضی کی ملکیت کا قانونی ثبوت موجود ہو جو ہر لحاظ سے درست اور قابل قبول ہو۔
6) درخواست گزار کے پاس پانی کی فراہمی کا قابل اعتبار انتظام موجود ہو۔
7) درخواست گزار کے پاس ڈرِپ اریگیشن پمپنگ کے لئے بجلی کی سہولت موجود ہو۔
8) درخواست گزار گرانٹ میں اپنے حصے کی رقم گرانٹ کی منظوری کے وقت پیشگی ادا کرنے پر رضامند ہو۔
9) درخواست گزار کو ماحولیات اور سوشل مینجمنٹ کے لئے BLEP کی دستاویزات (ESMPs / ESMF وغیرہ) میں بیان کئے گئے حفاظتی اقدامات پر پوری طرح عمل کرنا ہو گا۔
10) درخواست گزار کو بیان حلفی جمع کرانا ہو گا کہ وہ HEIS کے پورے سسٹم یا اس کے کسی حصے یا BLEP کی طرف سے فراہم کئے گئے کسی بھی دیگر اثاثے کو لگانے یا نصب کرنے کے بعد 3 سال تک فروخت نہیں کرے گا/ گی۔
11) درخواست گزار کو کسی بھی ایسے دیگر عوامل کی پابندی کرنا ہو گی جو BLEP کی جانب سے ان تمام اثاثوں یا سہولیات کی بہتری کے لئے شامل کئے جائیں۔

**درخواست گزار کی اہلیت (گرانٹ نمبر 3کے لئے)**

1) درخواست گزار کل لاگت کا کم ازکم 50 فیصد حصہ ملانے پر رضامند ہو: کل لاگت کا 50 فیصد BLEP ادا کرے گا۔
2) درخواست گزار متعلقہ ضلع کے مقامی ہوں اور ان کے پاس کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ موجود ہو جس کی معیاد ختم نہ ہوئی ہو۔
3) BLEP کے زیراہتمام صلاحیتوں میں بہتری/ تربیتی سیشن میں حصہ لینے پر آمادہ ہوں۔
4) درخواست گزار کے گھرانے کی آمدنی 60 ہزار روپے سے کم ہو۔
5) درخواست گزار کے پاس ڈرائیونگ لائسنس موجود ہو جس کی معیاد ختم نہ ہوئی ہو۔
6) درخواست گزار زراعت یا مویشیوں کی فارمنگ کے شعبے سے وابستہ ہو اور موٹرسائیکل لوڈر کو اسی مقصد کے لئے استعمال کرنے کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہو۔
7) درخواست گزار گرانٹ میں اپنے حصے کی رقم گرانٹ کی منظوری کے وقت پیشگی ادا کرنے پر رضامند ہو۔

8) درخواست گزار کو ماحولیات اور سوشل مینجمنٹ کے لئے BLEP کی دستاویزات (ESMPs / ESMF وغیرہ) میں بیان کئے گئے حفاظتی اقدامات پر پوری طرح عمل کرنا ہو گا۔
9) درخواست گزار کو بیان حلفی جمع کرانا ہو گا کہ وہ موٹرسائیکل لوڈر یا اس کے کسی حصے یا BLEP کی طرف سے فراہم کئے گئے کسی بھی دیگر اثاثے کو لگانے یا نصب کرنے کے بعد 3 سال تک فروخت نہیں کرے گا/ گی۔
10) درخواست گزار کو کسی بھی ایسے دیگر عوامل کی پابندی کرنا ہو گی جو BLEP کی جانب سے ان تمام اثاثوں یا سہولیات کی بہتری کے لئے شامل کئے جائیں۔

**جغرافیائی محل وقوع**

BLEP کے تحت یہ گرانٹ صرف بلوچستان کے درج ذیل آٹھ اضلاع کے لئے فراہم کی جائے گی:
قلعہ عبداللہ/ چمن، قلعہ سیف اللہ، پشین، ژوب، چاغی، شیرانی، مستونگ اور نوشکی

درخواست فارم ، BLEP کی ویب سائٹ (belpgob.org.pk) سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے اور BLEP کے متعلقہ ضلعی دفاتر سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے دلچسپی رکھنے والے درخواست گزار اپنے ضلع میں قائم BLEP کے ضلعی دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں یا نیچے دئیے گئے نمبروں پررابطہ کر سکتے ہیں۔ درخواست گزاروں کو کاغذی شکل (Hard Copy) میں اپنی درخواست 17 جنوری 2024 تک جمع کرانا ہو گی۔ اگر تاریخ میں کوئی توسیع کی گئی تو اس کا اعلان ویب سائٹ پر "تصحیح" کی شکل میں کیا جائے گا۔
BLEP کو، کوئی وجہ بتا کر یا کوئی وجہ بتائے بغیر مذکورہ بالا معلومات میں کوئی تبدیلی یا ترمیم کرنے یا جمع کرائی گئی کوئی ایک یا تمام درخواستیں منظور/مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔
درخواست فارم پُر کر کے درج ذیل پتہ پر یا BLEP کے ضلعی دفاتر کو بھجوائے جا سکتے ہیں (دفاتر کے پتے ویب سائٹ پر دئیے گئے ہیں)، یا آپ کی یونین کونسل میں قائم BLEP کمیونٹی انسٹی ٹیوشن میں جمع کرائے جا سکتے ہیں اور متعلقہ CIs کو درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کے تین دن کے اندر موصول شدہ درخواست BLEPضلعی دفاتر میں جمع کرانی ہوگی۔
( کمیونٹی انسٹی ٹیوشن کے پتے اور متعلقہ معلومات BLEP کے ضلعی دفاتر سے حاصل کئے جا سکتے ہیں)۔


**__پتہ:__**
**بلوچستان لائیولی ہڈز اینڈ انٹریپرینیورشپ پراجیکٹ** (BLEP)[Baluchistan Livelihoods and Entrepreneurship Project ]
**مکان نمبر 5/9-450 تاجک آباد، کلی شابو، آف چمن ہاؤسنگ سکیم، ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ، بلوچستان۔ فون: 081-2823304،**
**ای میل:** info@blepgob.org.pk، **ویب سائٹ:** www.blepgob.org.pk